Ref: GSPL/PR/04/25/019
Date: 10/04/2025

NTN: 4662393 | STRN: S4662393-2
GST: 3277876254888 | PNTN: P4662393-2

پریس ریلیز

پیٹ کِنگ نے گروسیف کے تعاون سے ISO سرٹیفکٹس حاصل کرلیے

پیٹ فوڈ بنانے والی پاکستان کی سب سے بڑی کمپنی پیٹ کنگِ گلوبل نے صحت، حفاظت ماحولیات کے حوالے سے معروف گروسیف کے
تعاون سے عالمی سطح پر تسلیم کردہ **ISO** سرٹیفکٹس حاصل کرلیے ہیں۔

ان میں کوالٹی منجمنٹ سسٹم **(ISO 9001:2015)** گڈ مینوفکچرنگ پریکٹسز **(GMP)** فوڈ سیفٹی منجمنٹ **(ISO 22000:2018)**

انوائرنمنٹل مینجمنٹ **(ISO 14001:2015)** اور اوکیوپیشنل ہیلتھ اینڈ سیفٹی مینجمنٹ سسٹم **(ISO 45001:2018)** شامل ہیں۔

گروسیف کے نمائندگان نے کورنگی، کراچی میں واقع پیٹ کِنگ کی عمارت میں موجود سہولیات کو صحت، حفاظت اور ماحولیات کے پیمانوں پر جانچا۔ اس عمل کو مکمل کرنے کے لیے حکمت عملی وضع کرنے کے بعد عملے کی تربیت، اندرونِ خانہ جانچ اور ضروری کاغذی کاروائی کی گئی۔

باِلاخر بیرونی جانچ کے بعد پیٹ کِنگ کو مندرجہ بالا سرٹیفکٹس کا اجراء کردیا گیا۔ یوں پیٹ کِنگ، پیٹ فوڈ کے شعبے میں سرٹیفکٹس کی حامل پاکستان کی پہلی کمپنی بن گئی۔

اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے چیف ایگزیکٹو آفیسر، گروسیف سعد عبدالوہاب کا کہنا تھا کہ اقدام کا مقصد پاکستانی ایس ایم ایز کو تقویت فراہم کرنا ہے تاکہ وہ برآمدات کی جملہ ضروریات کو پورا کرتے ہوئے بین الاقوامی مارکیٹوں میں اپنا مقام بناسکیں۔

تازہ اشتراک کے وسیع تر مقاصد میں ملکی معیشت کی ترقی اور ذرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ شامل ہے۔

واضح رہے کہ 2021 سے گروسیف نے اب تک 50 سے زائد مقامی برانڈز کو کارکردگی، استعداد، افراد کار، اور برآمدات میں موثر کردار کے لیے سرٹیفکٹس کے حصول میں مدد فراہم کی ہے۔

بشکریہ،

GROW SAFE (PRIVATE) LIMITED
MEDIA DEPARTMENT

حسان صدیقی
مینجر، کارپوریٹ میڈیا